سوال نمبر: 15174

منجانب شگفتہ ملک ایم پی اے

کیا وزیر صنعت و حرفت ارشاد فرمائیں گے کہ

| سوال | جواب |
|---|---|
| (ا) محکمہ تجارت نے گزشتہ پانچ سالوں میں مستحق اور بے روزگار عوام کو تجارت اور روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے حوالے سے کیا کیا اقدامات اٹھائے ہیں۔ کم وسائل والے بے روزگار نوجوانوں اور خواتین کو اپنا کاروبار شروع کروانے اور ان کو خود کفیل بنانے کے حوالے سے آئندہ کے لئے کیا لائحہ عمل زیر غور ہے نیز مذکورہ منصوبے کی مکمل تفصیل بمعہ لاگت، دورانیہ اور ماضی میں مستفید افراد کی تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے | بے روزگار اہل اور مستحق عوام خصوصا نوجوانوں اور خواتین کو روزگار کی فراہمی صوبائی حکومت کے اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ حکومتِ خیبر پختونخوا کی ہر ممکن کوشش ہے کہ صوبے میں ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں کو صوبے میں سرمایہ کاری اور صنعتوں کے قیام کے لئے راغب کیا جا سکے تا کہ عوام کے لئے روزگار کے مواقع فراہم کیئے جائیں۔ اِس ضمن میں محکمہ صنعت کے زیر انتظام مختلف ذیلی اداروں کے جو اقدامات اٹھائے اُن کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔<br><br>**1۔ سمال انڈسٹریز ڈویلپمنٹ بورڈ(SIDB) Small Industries Development Board :-**<br><br>خیبر پختونخوا سمال انڈسٹریز ڈویلپمنٹ بورڈ میں گزشتہ پانچ سالوں کے دوران نئی صنعتی بستیوں کا قیام عمل میں لایا گیا جن میں سمال انڈسٹریل اسٹیٹ چارسدہ فیز ٹو، درگئی اور مردان فیز تھری شامل ہے۔ اس کے علاوہ سمال انڈسٹریل اسٹیٹ کوہاٹ، ڈی ائی خان اور مانسہرہ میں سڑکوں کی تعمیرات، بجلی کے علیحدہ فیڈرز کی تنصیبات اور گیس کی فراہمی (جس کا کام ابھی جاری ہے) کے بعد صنعتی بستیوں کو دوبارہ بحال کیا گیا جس کے تحت مختلف انڈسٹریل اسٹیٹ میں 388 نئے انڈسٹریل یونٹس کا اضافہ ہوا ہے جس کے نتیجے میں تقریبا 12000 بے روزگار افراد کو براہ راست اور ہزاروں کی تعداد میں بالواسطہ روزگار کے مواقع فراہم کئے گئے۔ اس کے علاوہ باجوڑ میں سمال انڈسٹریل اسٹیٹ کے قیام کے لئے زمین کے حصول کے لئے PC-I منظور ہو گیا ہے۔ جب کہ دیر لوئر میں زمین کے حصول کے لئے PC-I پی اینڈ ڈی ڈیپارٹمنٹ میں زیر غور ہے۔ آئندہ مالی سال میں سمال انڈسٹریل اسٹیٹ پشاور ٹو اور باجوڑ کے قیام سے خیبر پختونخوا کے نوجوانوں کے لئے روزگار کے نئے مواقع فراہم ہونگے۔<br><br>خیبر پختونخوا سمال انڈسٹریز ڈویلپمنٹ بورڈ کے زیر نگرانی ایک سکیم "Interest Free Micro Finance Scheme for entrepreneurs in merged area of Khyber Pakhtunkhwa" جس کا Revised PC-II مجاز اتھارٹی نے 10.02.2021 کو منظور کیا اس سکیم کے تحت ضم شدہ علاقوں میں 13 سالوں کے دوران 218،850 افراد کو تقریبا 8754 ملین روپے (1000-million revolving fund) کے بلا سود قرضے فراہم کیے جائیں گے۔ |

## 2۔معاشی بحالی برائے خیبر پختونخواہ(Economic Revitalization of Khyber Pakhtunkhwa):۔

محکمہ صنعت و حرفت خیبر پختونخوا نے مستحق اور بے روزگار عوام کو تجارت اور روزگار فراہم کرنے کے لئے مندرجہ ذیل منصوبے شروع کئے ہیں۔

| سیریل نمبر | منصوبے کا نام | لاگت | دورانیہ | مستفید افراد |
|---|---|---|---|---|
| 1 | Economic Revitalization of Khyber Pakhtunkhwa | 4668 میلن روپے | مارچ 2011ء سے جون 2022ء تک | SMEs 3559 |
| 2 | SME Development Component برائے شمالی وزیرستان | 290 میلن روپے | جون 2020ء سے جون 2023ء تک | SMEs 250 |
| 3 | SME Development Component برائے جنوبی وزیرستان | 225 میلن روپے | جون 2020ء سے جون 2023ء تک | SMEs 150 |
| 4 | SME Development Component برائے ذخہ خیل ضلع خیبر | 200 میلن روپے | جون 2021ء سے جون 2024ء تک | 175 سٹارٹ اپس |
| 5 | SME Development Component برائے ضلع اورکزئی | 363 میلن روپے | جون 2021ء سے جون 2024ء تک | SMEs 150<br>50 سٹارٹ اپس |
| 6 | Accelerated Skills Development Program for Merged Areas | 1399.44 میلن روپے | جون 2021ء سے جون 2024ء تک | 5500 تکنیکی تربیتی کورسز |
| 7 | Economic Growth & Job Creation Project | 4159 میلن روپے | جون 2020ء سے جون 2023ء تک | SMEs 2500<br>1000 سٹارٹ اپس |

| | |
|---|---|
| ا۔ MDTF کی مالی تعاون سے Economic Revitalization of Khyber Pakhtunkhwa پراجیکٹ کے تحت 22.6 ملین ڈالر چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں کی اپ گریڈیشن وبحالی کیلئے مختص کیے گئے تھے۔ بیرونی امداد کی تعاون سے صوبے اور ضم شدہ اضلاع میں جولائی 2011ء تک MDTF سے اس پراجیکٹ کے تحت کل 3559 SMEs میچنگ گرانٹ کے زریعے سپورٹ کی گئی ہیں۔ ضلع وار تفصیل لف ہے۔<br>اا۔ علاوہ ازیں صوبائی ترقیاتی فنڈ سے 1083 ملین روپے ضم شدہ اضلاع میں SMEs کی اپگریڈیشن اور سٹارٹ اپس کیلئے مختص کی گئی ہیں۔ اسی طرح سکلز ڈویلپمنٹ پروگرام کیلئے 1399 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں۔ جس میں 5500 نوجوانوں کو مفت سکل ٹریننگ فراہم کیاجائے گا۔ ضلع وار مختص کوٹہ کی تفصیل لف ہے۔<br>ااا۔ صوبہ خیبر پختونخوا میں SMEs اپ گریڈیشن اور سٹارٹ اپس کیلئے 4159 ملین روپے Economic Growth & Job Creation کے تحت مختص کی گئی ہے۔ اس پراجیکٹ کے نیچے 2500 SMEs، 50 کلسٹرز اور 1000 سٹارٹ اپس کو مالی معاونت فراہم کیاجائے گا۔ ضلع وار مختص کوٹہ کی تفصیل لف ہے۔ | |

تعمیل



ERKP PROJECT ( SME DEVELOPMENT COMPONENT)

DISTRICT WISE GRANTS DISBURSED IN KHYBER PAKHTUNKHWA AND MERGED AREAS

1. Grants Disbursed in KP Component

| District | No. of SMEs | Disbursed Amount (PKR Million) |
|---|---|---|
| Abbotabad | 16.00 | 22.45 |
| Bannu | 36.00 | 35.90 |
| Buner | 140.00 | 162.83 |
| Charsadda | 89.00 | 71.93 |
| Chitral | 168.00 | 80.23 |
| DIK | 14.00 | 22.30 |
| Hangu | 99.00 | 80.12 |
| Haripur | 5.00 | 3.64 |
| Karak | 30.00 | 30.61 |
| Kohat | 14.00 | 12.35 |
| Dir Lower | 64 | 69.36 |
| Malakand | 143 | 110.62 |
| Manshera | 10 | 12.00 |
| Mardan | 46 | 40.39 |
| Nowshera | 49 | 47.37 |
| Peshawar | 118 | 116.45 |
| Shangla | 354 | 309.24 |
| Swabi | 58 | 37.84 |
| Swat | 22 | 27.05 |
| Dir Upper | 695 | 367.05 |
| **Total** | **2179.00** | **1,667.86** |

2. Grants Disbursed in MA Component

| Districts | Number of SMEs | Disbursed Amount (PKR Million) |
|---|---|---|
| Bajaur Agency | 199 | 169.75 |
| Khyber Agency | 277 | 167.48 |
| Mohmand Agency | 70 | 92 |
| South Waziristan | 220 | 168.25 |
| Orakzai | 63 | 29.05 |
| Kurram Agency | 184 | 124.99 |
| FR Kohat | 15 | 10.574 |
| **Grand Total** | **1028** | **762.584** |

ICT WISE GRANTS SHARE FOR STARTUP & UP-GRADATION UNDER EG&JC PROJECT

| Name of District | Allocated Quota for Startup | Allocated Quota for Up-Gradation |
|---|---|---|
| Peshawar | 139 | 350 |
| Mardan | 78 | 194 |
| Swat | 76 | 189 |
| D I Khan | 52 | 133 |
| Swabi | 52 | 133 |
| Charsadda | 53 | 132 |
| Manshera | 51 | 127 |
| Nowshera | 50 | 124 |
| Lower Dir | 47 | 118 |
| Abbotabad | 44 | 109 |
| Bannu | 38 | 96 |
| Haripur | 33 | 82 |
| Kohat | 33 | 81 |
| Upper Dir | 31 | 78 |
| Buner | 29 | 73 |
| Lakki Marwat | 28 | 72 |
| Kohistan ( Lower Kohistan & Upper Kohistan | 26 | 64 |
| Shangla | 25 | 62 |
| Malakand | 25 | 61 |
| Karak | 23 | 58 |
| Hangu | 17 | 42 |
| Batagram | 16 | 39 |
| Chitral | 15 | 37 |
| Tank | 13 | 32 |
| Tor Ghar | 6 | 14 |
| **Total** | **1000** | **2500** |

DISTRICT WISE SEAT UNDER ACCELARATED SKILL DEVELOPMENT PROGRAM

| S. No. | Name of District / FR | Allocated Seats |
|---|---|---|
| 1 | Khyber | 1085 |
| 2 | North Waziristan | 598 |
| 3 | South Waziristan | 748 |
| 4 | Orakzai | 280 |
| 5 | Bajaur | 1203 |
| 6 | Kurram | 680 |
| 7 | Mohmand | 513 |
| 8 | FR Kohat | 130 |
| 9 | FR Peshawar | 70 |
| 10 | FR Tank | 40 |
| 11 | FR DI Khan | 75 |
| 12 | FR Bannu | 48 |
| 13 | FR Lakki Marwat | 30 |
| | **Total** | **5500** |

**3. خیبر پختونخواہ اکنامک زونز ڈویلپمنٹ اینڈ منیجمنٹ کمپنی (Khyber Pakhtunkhwa Economic Zones &Development Management Company)**

KP-EZDMC نے گزشتہ پانچ سالوں میں بے روزگار عوام کو کو تجارت اور روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے صوبہ کے مختلف اضلاع میں اکنامک زون کے قیام کو کو یقینی بنایا ہے۔ اس سلسلے میں حطار، چترال، ڈی
غازی، جلوزئی، نوشہرہ، رشکئی اور مہمند میں نئے اقتصادی زونز قائم کیے جا چکے ہیں۔ ان اکنامک زونز میں تقریبا ۵۴۴ نئی صنعتیں قایم ہو نگی جس سے تقریبا ۱۳۰۰۰ روزگار کے مواقع فراہم ہونگے۔
خواتین کو اپنا کاروبار شروع کروانے اور ان کو خود کفیل بنانے کے حوالے سے کے پی ازمک نے خواتین بزنس پارک کے قیام کا ارادہ کیا ہے۔ جو کہ مالی سال 2023-2022 کی مجوزہ پی ایس ڈی پی سکیم ہے۔ اس منصوبے
تقریبا 120 کاروبار شروع کیے جائیں گے۔ جس سے 8،900 براہ راست اور 44،500 بالواسطہ روزگار کے مواقع پیدا ہونگے۔
یہ منصوبہ خواتین کو کاروبار کے مساوی مواقع فراہم کرے گا تا کہ پورے ملک میں نیٹ ورکنگ اور روابط پیدا کر کے وومن بزنس پارک میں بطور کاروباری اپنا کاروبار قائم کر سکیں۔
اس منصوبے کے تحت تعلیم یافتہ خواتین کو کاروبار کے مختلف شعبوں کے ساتھ مصنوعات کی برآمدات والے اداروں میں بھی شامل کیا جائے گا تا کہ وہ خطے کے استحکام میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔
یہ منصوبہ SDG،1،8،9 میں بھی اپنا حصہ ڈالے گا جس میں غربت میں کمی، اقتصادی ترقی اور صنعتی ترقی شامل ہے۔

**4- Khyber Pakhtunkhwa Technical Education & Vocational Training Authority:-**

خیبر پختونخوا ٹکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (کے۔پی۔ٹیوٹا) جو کہ محکمہ صنعت و حرفت کا ایک ذیلی ادارہ ہے۔ اس کا تجارت سے براہ راست کوئی تعلق نہیں ہے۔ تاہم مندرجہ ذیل گزارشات پیش خدمت

1. تربیت کے راویتی انداز کو بین الاقوامی سٹینڈرڈ آف ٹریننگ کے مطابق یعنی قابلیت پر مبنی تربیت اور تشخیص پر منتقل کر دیا گیا ہے۔
2. سی بی ٹی اینڈ اے سسٹم کے نفاذ کے لیے 150 لیبز کو اپ گریڈ کیا گیا ہے۔
3. سی بی ٹی اینڈ اے سسٹم کے نفاذ کے لیے 800 عملے کی خدمات حاصل کی گئیں۔
4. 1400 موجودہ عملے کو تربیت دی گئی۔
5. 05 اضلاع میں 08 نئے ادارے تعمیر کئے گئے ہیں اور ان کو فعال بھی کیا گیا ہے۔
6. کے۔پی۔ٹیوٹا ایکٹ 2015 کے تحت کے پی۔ٹیوٹا کے 106 اداروں میں انسٹی ٹیوٹ منیجمنٹ کمیٹیاں بنائی گئی ہیں۔
7. جاب پلسمنٹ / او۔جے۔ٹی / انٹرن شپ کے مقصد کے لئے مختلف سرکاری و نجی اداروں کے ساتھ مفاہمتی یاداشتیں طے ہو چکی ہیں۔

| | |
|---|---|
| 8. ہر سال تقریباً 35000 طلباء کو مختلف ڈیمانڈ پر مبنی شعبا جات میں تربیت دی جا رہی ہے۔<br>9. فارغ التحصیل ہونے والے طلباء کے ملازمت کے لئے حصول کے لئے مختلف تربیتی اداروں میں جاب پلیسمنٹ سنٹرز قائم کئے گئے ہیں اور ان کو فعال بھی کیا جا چکا ہے۔<br>10. مارکیٹ اور مقامی کمیونٹی کے لئے مصنوعات کی پیداوار اور اس ضمن میں خدمات کی فراہمی کے مقصد کے لئے کے۔پی۔ٹیوٹا کے 106 اداروں میں مراکز قائم کئے ہیں اور ان کو فعال بھی کیا چکا ہے۔<br>11. پشاور میں قابل تجدید توانائی میں تربیت فراہم کرنے کے لئے اپنی نوعیت کا پہلا ادارہ قائم کیا جا چکا ہے اور اس کو فعال بھی کیا جا چکا ہے۔<br>12. پشاور میں مختلف تربیتی اداروں میں موجود عملے کے صلاحیتوں کو مزید بہتر بنانے کے لئے سنٹر آف ایکسیلنس قائم کیا گیا ہے اور اس کو فعال بھی کیا جا چکا ہے۔<br>13. مذکورہ بالا 35000 طلباء میں سے تقریباً 16% طلباء کو ہر سال مختلف سرکاری اور نجی اداروں میں ملازمت فراہم کی جا چکی ہے۔ تاہم نئے ٹریسر سٹڈی پر کام جاری ہے جس سے فارغ التحصیل ہونے طلباء کے لئے ملازمت کی فراہمی میں مزید بہتری آئے گی۔ | |